# آپ کے حقوق جب آپ پولیس اسٹیشن میں ہوتے ہیں




بہت سارے لوگوں کو یہ سمجھنا مشکل ہوتا ہے کہ پولیس اسٹیشن میں کیا ہو رہا ہے۔




اگر پولیس آپ سے سوالات پوچھنا چاہتی ہے، تو اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے اور اگر آپ سمجھ نہیں پاتے ہیں تو بہتر ہے کہ آپ انہیں بتائیں۔




پولیس کو معلوم ہو جائے گا کہ جن لوگوں کو مواصلات میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے انہیں سوالات کو پڑھنے اور ان کے جوابات دینے کے لیے تھوڑا وقت اور درکار ہوتا ہے۔

**مشمولات**


| | | |
|---|---|---|
|  | گرفتار ہو کر پولیس کی تحویل میں جا رہے ہیں | صفحہ 4 |
|  | پولیس کے سوالات کا جواب دینا | صفحات 5 - 6 |
|  | ایک مناسب بالغ کے لئے درخواست کرنا | صفحہ 7 |
|  | وکیل کو بتانا کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں | صفحہ 8 |
|  | کسی اور کو بتانا کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں | صفحہ 9 |
|  | اگر آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے یا اگر آپ لازمی نگرانی کے حکم کے تحت 16 یا 17 سال کے ہیں | صفحات 10 -11 |

| | | |
|---|---|---|
| صفحات 12 - 13 | اگر آپ پر فرد جرم عائد کی جاتی ہے یا وارنٹ پر پولیس اسٹیشن میں لایا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟ |  |
| صفحہ 14 | آپ کو کتنی دیر تک پولیس اسٹیشن میں رکھا جا سکتا ہے؟ |  |
| صفحہ 15 | کسی ڈاکٹر یا نرس سے ملنا |  |
| صفحہ 16 | شکایت درج کرانا |  |

## گرفتار ہو کر پولیس کی تحویل میں جا رہے ہیں



پولیس آپ کو بتائے گی کہ آپ کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔




پولیس آپ سے پوچھے گی کیا آپ سمجھتے ہیں۔

اگر آپ کسی بھی وقت سمجھ نہیں پاتے ہیں تو آپ کو ''نہیں'' کہنا چاہئے۔

اگر آپ سمجھتے ہیں تبھی ''ہاں'' کہیں۔

## پولیس کے سوالات کا جواب دینا



آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔

آپ کو کسی سوال کا جواب دینے کی ضرورت **نہیں** ہے جو پولیس آپ سے پوچھتی ہے۔ **لیکن** آپ کو انہیں بتانا ہوگا۔

**آپ کا نام**




**آپ کہاں رہتے ہیں**




**آپ کا یوم پیدائش کب ہے**



**آپ کہاں پیدا ہوئے تھے اور آپ کی قومیت کیا ہے**



**اگر آپ کو ان تفصیلات میں سے کسی کا علم نہ ہو تو آپ پولیس کو ضرور بتائیں**

**اگر آپ دیگر سوالات کا جواب نہیں دیتے ہیں تو آپ کو پولیس کے ساتھ کسی مصیبت کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔**

پولیس آپ کو بتائے گی کہ وہ ساری باتیں جو آپ کہہ رہے ہیں وہ انہیں قلمبند کر رہے ہیں۔

اگر سوالات کا جواب دینا چاہتے ہیں، کوئی بھی بات جو آپ کہیں گے بطور ثبوت اسے استعمال کیا جا سکتا ہے اگر آپ کا مقدمہ عدالت میں جاتا ہے۔






## ایک مناسب بالغ کے لئے درخواست کرنا



اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہے، پولیس کو بتائیں ''**ایک مناسب بالغ کو کال کریں**''

ایک مناسب بالغ کوئی فرد ہوگا جو اس بات کو سمجھنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے کہ پولیس کیا کہہ رہی ہے۔ یہ مفت ہے۔




ایک مناسب بالغ کوئی فرد ہوگا جو آپ کو اپنے حقوق کو سمجھنے اور کیا ہو رہا ہے اس کو سمجھنے میں آپ کو مدد کر سکتا ہے۔

وہ ان سوالات کی وضاحت کریں گے جو پولیس پوچھتی ہے اگر آپ ان کو نہیں سمجھ پاتے ہیں۔

وہ یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ پولیس کیا کر رہی ہے، صرف کہہ ہی نہیں رہی۔

مناسب بالغ آپ کو مشورہ نہیں دے سکتا ہے۔




پولیس ایک مناسب بالغ شخص کو کال کرے گی اگر وہ یہ سمجھے کہ آپ کو اس کی ضرورت ہے اگرچہ آپ اس کے لئے نہ کہیں۔

**اگر آپ نہیں سمجھ پا رہے ہیں تو کہنا نہایت ضروری ہے۔**

## وکیل کو بتانا کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں



آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ سے پوچھ تاچھ کرنے سے پہلے کسی بھی وقت کسی **وکیل** سے نجی طور پر بات کریں۔ یہ مفت ہے۔

**وکیل وہ ہوتا ہے جو آپ کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے اور آپ کے دفاع میں مدد کر سکتا ہے۔**

جب آپ اپنے وکیل سے بات کرتے ہیں تو مناسب بالغ آپ کے ساتھ نہیں ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کسی وکیل سے بات کرنا چاہتے ہیں، تو پولیس کے پوچھنے پر آپ کو ''ہاں'' کہنا چاہئے۔



اگر آپ کا کوئی وکیل ہے تو آپ کو اس کا نام پولیس کو بتانا ضروری ہے۔ پولیس انہیں کال کرنے کی کوشش کرے گی۔ یہ مفت ہے۔

اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے تو آپ کو پولیس کو بتانے کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے لئے ایک کو فون کریں گے۔

پولیس جلد از جلد آپ کے وکیل سے رابطہ کرنے کی کوشش کرے گی۔ یہ مفت ہے۔



اگر پولیس آپ سے پوچھ تاچھ کرتی ہے تو وکیل آپ کے ساتھ کمرے میں رہ سکتا ہے۔ یہ مفت ہے۔

آپ اپنے وکیل سے بذریعہ ٹیلی فون بات کر سکتے ہیں یا وکیل آپ سے ملنے پولیس سٹیشن آ سکتا ہے۔ یہ ان پر منحصر ہے۔

آپ سے دوسری بار پوچھا جائے گا کہ کیا آپ کسی وکیل کو پوچھ تاچھ کے لئے پیش کرنا چاہتے ہیں خواہ آپ نے ان کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کرلی ہو۔

## کسی اور کو بتانا کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں




آپ کو اس بات کا حق ہے آپ کسی کو بھی بتا سکیں کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔

پولیس آپ سے پوچھے گی کہ آپ کسے چاہتے ہیں کہ وہ کال کریں۔




یہ آپ کی فیمیلی کا کوئی ممبر، آپ کا ساتھی، آپ کا خیرخواہ، آپ کا دوست یا کوئی اور بھی ہو سکتا ہے جسے آپ جانتے ہوں۔

شاید آپ کو اس شخص سے بات کرنے کی اجازت نہ ہو۔

**اگر آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے یا آپ لازمی نگرانی کے حکم کے تحت 16 یا 17 سال کے ہیں:**



پولیس کو آپ کے والدین یا سرپرست کو بتانے کی کوشش کرنی چاہئے کہ آپ پولیس اسٹیشن میں ہیں۔





آپ کو حق ہے آپ کے والدین یا سرپرست آپ سے پولیس اسٹیشن میں ملاقات کریں۔

صرف 18 سال سے کم عمر کے افراد ہی وزٹ حاصل کر سکتے ہیں۔



جب پولیس آپ سے پوچھ تاچھ کرتی ہے تو ایک وکیل آپ کے ساتھ ہونا لازمی ہے جب تک کہ **غیر معمولی حالات نہ ہوں**۔



مثال کے طور پر، اگر پولیس کو لگتا ہے کہ آپ کے پاس کسی کو چوٹ پہنچنے سے روکنے کے لیے اہم معلومات ہیں تو انہیں آپ کے وکیل کے آنے سے پہلے آپ سے سوالات کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ کی عمر 16 یا 17 سال ہے اور ایک نگرانی کے حکم یا عبوری لازمی حکم کے تحت ہیں تو آپ ایک وکیل رکھنے سے انکار نہیں کر سکتے ہیں

حتی کہ غیر معمولی حالات میں بھی آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔



## اگر آپ پر فرد جرم عائد کی جاتی ہے یا وارنٹ پر پولیس اسٹیشن میں لایا جاتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟

اگر آپ پر **الزام عائد کیا جاتا ہے**، تو آپ کو جانے کی اجازت دی جا سکتی ہے یا آپ کو اگلے ممکنہ دن پولیس سیل میں رہنا پڑ سکتا ہے اور عدالت جانا پڑ سکتا ہے۔





اگر آپ پر فرد جرم عائد کی جاتی ہے تو پولیس یہ لینا چاہے گی:

- **آپ کی انگلیوں کے نشانات**

- **DNA** کا **نمونہ** (وہ آپ کے منہ کے اندر کاٹن بڈ سے آہستہ سے جھاڑیں گے)



- **آپ کی تصویر**



اگر آپ کو **وارنٹ** پر پولیس اسٹیشن لایا گیا ہے، تو آپ کو پولیس سیل میں رہنا پڑ سکتا ہے اور عدالت جانا پڑ سکتا ہے۔



## آپ کو کتنی دیر تک پولیس اسٹیشن میں رکھا جا سکتا ہے؟

**پولیس آپ پر جرم عائد کئے بغیر آپ کو 12 گھنٹے تک رکھ سکتی ہے۔**




اگر آپ کو 4 گھنٹے سے زیادہ کے لیے رکھا جاتا ہے تو پولیس آپ کو کھانے کے اوقات میں کھانا پیش کرے گی۔

اگر کوئی ایسی غذائیں ہیں جو آپ نہیں کھا سکتے، تو پولیس کو جلد از جلد بتائیں۔

اگر آپ کو پیاس لگی ہے تو پولیس سے کہیں کہ وہ آپ کو پانی دیں۔




**پولیس آپ کو 24 گھنٹے تک رکھ سکتی ہے لیکن صرف اس صورت میں جب کوئی پولیس انسپکٹر اس سے متفق ہو** (یا چیف انسپکٹر اگر آپ کی عمر 18 سال سے کم ہے)۔




آپ کو اس فیصلے کے بارے میں اپنی بات کہنے کا حق ہے، یا آپ اپنے وکیل کو اپنی طرف سے پولیس سے بات کرنے کے لئے منتخب کر سکتے ہیں۔



## کسی ڈاکٹر یا نرس سے ملنا



اگر آپ بیمار یا زخمی ہیں تو آپ کو **ڈاکٹر**یا **نرس** سے ملنے کا حق ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو ڈاکٹر یا نرس سے ملنے کی ضرورت ہے تو پولیس کو بتائیں۔

یہ ضروری ہے کہ آپ پولیس کو بتائیں کہ کیا آپ کی کوئی طبی حالت ہے یا آپ دوا لے رہے ہیں۔





پولیس کو بتانا بھی ضروری ہے کہ کیا آپ کو کوئی نشہ یا شراب کی لت ہے یا اگر آپ اپنے آپ کو نقصان پہنچانے کے بارے میں سوچ رہے ہیں۔





**جب آپ پولیس کی تحویل میں ہوتے ہیں تو یہ پولیس کو آپ کی دیکھ بھال کرنے میں مدد کرنے کے لئے ہے۔**

## شکایت درج کرانا



آپ کو پولیس کی طرف سے آپ کے ساتھ برتاؤ کے بارے میں **شکایت** کرنے کا حق ہے۔

اگر آپ پولیس اسکاٹ لینڈ کے خلاف شکایت کرتے ہیں تو اس سے آپ کے مقدمے پر کوئی برا اثر نہیں پڑے گا۔

جب آپ تحویل میں ہوں آپ شکایت کرسکتے ہیں۔

اگر آپ تحویل میں ہونے پر شکایت کرنا چاہتے ہیں، تو کسی انسپکٹر یا اعلیٰ عہدے کے کسی فرد سے بات کرنے کو کہیں۔




اگر آپ رہائی کے بعد شکایت کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کسی بھی پولیس اسٹیشن میں جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کی گرفتاری کے دوران یا پولیس تحویل میں کسی پولیس افسر نے آپ کو چوٹ پہونچائی ہے یا زخمی کیا ہے تو آپ کو پولیس اسکاٹ لینڈ پروفیشنل اسٹینڈرڈز ڈیپارٹمنٹ سے شکایت کرنا چاہئے۔




شکایت درج کرانے کے لئے 101 پر کال کریں، یا مقامی پولیس اسٹیشن جائیں۔

آپ کسی اور سے بھی آپ کی طرف سے شکایت درج کرانے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ یہ والدین، دوست، ساتھی یا کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے جس پر آپ کو اعتماد ہو۔

آپ کو انہیں تحریری اجازت دینی ہوگی۔



**People First (پیپل فرسٹ) (اسکاٹ لینڈ) کے ذریعہ SOLD نیٹ ورک کی جانب سے تیار کردہ**

**، 77-79Easter Road**

**،Edinburgh**

**EH7 5PW**

**0131 478 7707**

گارنٹی نمبر 173180 اور رجسٹرڈ سکاٹش چیریٹی نمبر SC 026039 کے ذریعے لیمیٹیڈ کمپنی